# 12-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے اِس بات کو دہرایا ہے کہ ریاستی حکومت اختراعیت کو بڑھانے، انفرااسٹرکچر کو مضبوط بنانے اور ہر شہری کو بااختیار بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔

۲۔ریاست اسمبلی کا سالانہ بجٹ اجلاس اس ماہ کی 27 تاریخ کو منعقد ہوگا۔

۳۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے تلنگانہ عالمی سطح پر مسابقتی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے

اور

۴۔ایس ایل بی سی سرنگ میں پھنسے دیگر سات مزدوروں کو تلاش کرنے کے لئے مزید روبوٹس استعمال کئے جائیں گے۔

UTTAM:

ریاست کے آبپاشی اور سیول سپلائز کے وزیر کیپٹن اتم کمار ریڈی نے اسمبلی میں آج گورنر جشنو دیو ورما کی جانب سے کی گئی تقریر کی ستائش کی ہے۔ وزیر نے گورنر کے خطاب کو ترقی کے لئے ایک نظریاتی روڈ میاپ قرار دیا۔ انہوں نے تقریر کے دوران آبپاشی، زراعت، کسانوں کی بھلائی، کسانوں کو بااختیار بنانے کیلئے کانگریس حکومت کے عزائم پر زور دئے جانے کو اجاگر کیا۔ اتم کمار ریڈی نے مزید کہا کہ کسانوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلنے سے انہیں بہت فائدہ پہنچے گا۔

GOVERNOR:

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے اِس بات کو دہرایا ہے کہ ریاستی حکومت اختراعیت کو بڑھانے، انفرااسٹرکچر کو مضبوط بنانے اور ہر شہری کو بااختیار بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔ گورنر نے کہا کہ تلنگانہ ایک تبدیلی کے دوراہے پر کھڑا ہے۔ اس وقت حکومت کا نظریہ ہے کہ ترقی، تکنالوجیکل لیڈرشپ اور قابل تجدید توانائی کو آگے بڑھایا جائے۔ گورنر آج ریاستی اسمبلی کے سالانہ بجٹ سیشن کے پیش نظر ایوان کے مشترکہ اجلاس سے روایتی خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ میٹرو ریل نٹ ورکس کی توسیع، موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے کا پراجکٹ اور فیوچر سٹی کا ڈیولپمنٹ ایسے منصوبے ہیں، جن سے شہری زندگی اور معاشی صورتحال بہتر ہوگی۔

SOUND BYTE

گورنر نے یہ بات نوٹ کی کہ سرمایہ کاروں اور دیگر افراد کو راغب کرنے سے تلنگانہ ریاست قابل تجدید توانائی، مصنوعی ذہانت اور ہائی ٹیک صنعتوں کے شعبوں میں ٹھوس موقف حاصل کررہی ہے۔ اس کے علاوہ گورنر نے کہا کہ ریاستی حکومت مختلف

اسٹراٹیجک اقدامات جیسے اے آئی سٹی اور ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر کو بڑھانے کے اقدامات بھی کر رہی ہے جس سے تلنگانہ ایک عصری ریاست بنے گی اور بڑے پیمانے پر مواقع پیدا ہوں گے۔ سماجی انصاف اور مساوی مواقع کا تذکرہ کرتے ہوئے ورما نے حال ہی میں کئے گئے ذات پات کے جامع سروے کو زبردست پیشرفت قرار دیا۔

WEATHER:

ریاست میں آئندہ سات دن کے دوران توقع ہے کہ خشک موسم برقرار رہے گا۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ ریاستی کے مختلف مقامات پر آئندہ تین دن کے دوران صبح کے وقت کہر چھایا رہے گا۔ رپورٹ کے مطابق آئندہ تین دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دھیرے دھیرے دو تا تین ڈگری سلسیس اضافہ ہوگا۔

BAC:

نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ اِس ماہ کی 19 تاریخ کو ریاست کا سالانہ بجٹ برائے سال 2025-26ء پیش کریں گے۔ بزنس اڈوائزری کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ اسمبلی کا بجٹ اجلاس اِس ماہ کی 27 تاریخ تک جاری رہے گا۔ تفصیلات کل ایوان میں پیش کی جائیں گی۔ سرکاری ذرائع کے بموجب حکومت کی جانب سے بی سی تحفظات اور ایس سی زمرہ بندی بلز سیشن کے دوران پیش کئے جائیں گے۔ توقع ہے کہ اِن پر ایوان میں اگلے پیر یا منگل کو مباحث ہوں گے۔ 21 اور 22 مارچ کو بجٹ پر مباحث کے بعد ایوان میں مختلف وزارتوں کی جانب سے مطالباتِ زر پیش کئے جائیں گے۔ توقع ہے کہ 27 مارچ کو تصرف بل پیش کیا جائے گا چونکہ 14 تاریخ کو ہولی کا تہوار اور 16 مارچ کو اتوار ہے لہٰذا اس دن اسمبلی اجلاس نہیں ہوگا۔

KCR:

بھارت راشٹریہ سمیتی کے صدر چندر شیکھر راؤ نے آج بجٹ سیشن کے پہلے دن اسمبلی اجلاس میں شرکت کی۔ بی آر ایس کے ارکان نے کے سی آر کا خیر مقدم کیا جیسا کہ تقریباً 6 ماہ کے وقفہ کے بعد کے سی آر پہلی مرتبہ اسمبلی پہنچے۔ پچھلی مرتبہ کے سی آر نے گزشتہ سال جولائی میں اس وقت اسمبلی میں قدم رکھا تھا جب وزیر فینانس بھٹی وکرامارکہ نے بجٹ پیش کیا تھا۔

SLBC:

ضلع ناگر کرنول میں واقع ایس ایل بی سی سرنگ کے جزوی طور پر منہدم ہونے اور 7 افراد کے سرنگ میں پھنس جانے کے واقعہ میں تلاشی کا کام آج مسلسل 19 ویں دن بھی جاری رہا۔ بچاؤ ٹیمیں بشمول این ڈی آر ایف کا عملہ، سنگارینی کالریز اور دیگر ایجنسیوں کی جانب سے مختلف آلات کے ساتھ آج صبح پھنسے ہوئے افراد تک پہنچنے کی کوشش کی گئی۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ ریاستی حکومت نے روبوٹس کے استعمال میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ سرنگ میں پانی اور کیچڑ پھیلا ہوا ہے جس

سے صورتحال کافی مشکل ہوگئی ہے۔ ریاستی اسپیشل چیف سکریٹری ڈیزاسٹر مینجمنٹ اروند کمار سرچ آپریشن کی نگرانی کررہے ہیں۔ راڈار سروے کے علاوہ کتوں سے بھی کام لیا جارہا ہے۔ این جی آر آئی کے سائنسدانوں کے علاوہ جی پی آر سروے بھی کیا جارہا ہے۔ اسی دوران ٹی بی ایم آپریٹر گرپریت سنگھ کی نعش کو جو سرنگ میں پھنسے 8 مزدوروں میں سے ایک ہے، پنجاب میں واقع ان کے خاندان کے حوالہ کردیا گیا۔

LS-5G

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 776 اضلاع کے منجملہ 773 اضلاع میں 5G خدمات دستیاب ہیں۔ لوک سبھا میں آج ایک تحریری جواب دیتے ہوئے اطلاعات کے مملکتی وزیر چندرا شیکھر نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک بھر میں 5G خدمات کو بڑھانے کے لئے مختلف اقدامات کئے ہیں۔ اب تک ٹیلی کام سرویس خدمات فراہم کرنے والوں کی جانب سے 4.69 لاکھ 5G سے متعلق اسٹیشنس قائم کئے گئے ہیں۔

HARISH:

بی آر ایس پارٹی نے قانون ساز اسمبلی میں بجٹ سیشن کے دوران کنٹراکٹرس کی جانب سے بلوں کو منظوری دئے جانے کے مطالبہ پر مباحث کرائے جانے پر زور دیا ہے۔ بی اے سی میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بی آر ایس کے ایم ایل اے ہریش راؤ نے زور دے کر کہا کہ ایوان کی کارروائی کو کم از کم 20 دن تک چلایا جانا چاہئے تاکہ مختلف محکموں کے مطالبات زر پر جامع مباحث کئے جاسکے۔

CRICKETER

حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے نہایت عمدہ کرکٹرس میں سے ایک اور ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر سید عابد علی کا آج امریکہ میں انتقال ہوگیا۔ وہ 83 برس کے تھے۔ عمدہ آل راؤنڈر عابد علی اس قومی ٹیم کے ممبر تھے جس نے 1971ء میں اوول کے میدان پر تاریخی ٹسٹ میچ جیتا تھا۔ اس میچ میں انہیں فتح کا رن بنانے کا اعزاز حاصل ہے۔ عابد علی نے 29 ٹسٹ میاچس میں اپنی میڈیم پیس گیند بازی کے ذریعہ 47 وکٹ حاصل کئے۔ وہ ایک شاندار فیلڈر تھے اور وکٹوں کے درمیان برق رفتاری سے دوڑنے کے لئے مشہور تھے۔ عابد علی نے اپنے کیریئر کی شروعات آسٹریلیا کے خلاف 68-1967 میں برسبین میں 55 رن دے کر چھ وکٹ کے ساتھ متاثر کن طریقہ سے کی تھی۔

○○